## سوال

(1062) عید قربان کی تکبیرات کے شروع اور ختم ہونے کا وقت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید قربان کی تکبیرات کے شروع اور ختم ہونے کا وقت کونسا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے کوئی مرفوع متصل روایت نہیں ہے۔ البتہ آثارِ صحابہ حضرت علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما وغیرہ سے ثابت ہے، کہ تکبیرات یوم عرفہ، یعنی نوذوالحجہ کی صبح سے لے کر ۱۳ ذوالحجہ تک ہیں۔ (فتح الباري ۲/۴۶۲) یہی بات ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ''ابن ابی شیبہ'' وغیرہ میں ثابت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :844

### محدث فتویٰ